


یادداشت

# 12

# درس دوازدهم

# فعل مستقبل

# (آینده)

## سبق کا تعارف

اس سبق میں فعل مستقبل پر مبنی فارسی جملوں سے متعارف کرایا گیا ہے نیز اس فعل کے بارے میں بنیادی معلومات فراہم کی گئی ہے۔ اس کی تعریف کی گئی ہے۔ اس کے بنانے کا طریقہ بتایا گیا ہے اور مشقوں سے اس زمانے میں انکاریہ اور سوالیہ جملے بنانے بھی سکھائے گئے ہیں۔

## اس سبق سے آپ سیکھیں گے

- فعل مستقبل کی تعریف۔
- فعل مستقبل کے بنانے کا طریقہ۔
- فعل مستقبل میں استفہامیہ (سوالیہ) اور منفی (انکاریہ) جملے بنانا۔
- فعل مستقبل میں فارسی جملوں کا اردو میں ترجمہ اور اردو سے فارسی میں ترجمہ۔



یادداشت

## 12.1 اصل متن

1- فردا به مدرسه خواهم رفت.

2- بچه ها بازی خواهند کرد.

3- دوستانِ من کتاب خواهند خرید.

4- من به خانۀ شما خواهم آمد.

5- فردا تو دوستی را خواهی دید.

6- ما چای خواهیم خورد.

7- او پیراهن را نه خواهد شست.

8- شما نامه ای خواهید نوشت.

9- ما خانه ای خواهیم خرید.

10- او ورزش خواهد کرد.

11- چرا بچه ها به دبستان خواهند آمد؟

12- آنها مداد را به شما نه خواهند داد.

13- هفتۀ آینده نامه خواهم نوشت.

14- سال آینده آنها به ایران خواهند رفت.

15- فردا ما شیرینی خواهیم خورد.

## 12.2 الفاظ کے معانی

| الفاظ | معانی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| فردا | آنے والا کل | خواهم رفت | میں جاؤں گا |
| بازی خواهند کرد | کھیلیں گے | خواهند خرید | خریدیں گے |
| خواهی دید | تو ملے گا، تو دیکھے گا | خانه | گھر |



یادداشت

| | | | |
|---|---|---|---|
| خواهم آمد | میں آؤں گا | خواهیم خورد | ہم خریدیں گے |
| چرا | کیوں | دبستان | مدرسہ |
| مداد | پینسل | خواهند داد | دیں گے |
| سال آینده | اگلے سال | شیرینی | مٹھائی |

## 12.3 ترجمہ

1- میں کل مدرسہ جاؤں گا۔

2- بچے کھیلیں گے۔

3- میرے دوست کتاب خریدیں گے۔

4- میں تمہارے گھر آؤں گا۔

5- تو کل ایک دوست سے ملے گا۔

6- ہم چائے پئیں گے۔

7- وہ قمیص نہیں دھوئے گا۔

8- تم ایک خط لکھو گے۔

9- ہم ایک گھر خریدیں گے۔

10- وہ ورزش کرے گا۔

11- بچے کیوں مدرسے آئیں گے؟

12- وہ پینسل تمہیں نہیں دیں گے۔

13- میں اگلے ہفتے خط لکھوں گا۔

14- وہ اگلے سال ایران جائیں گے۔

15- ہم کل مٹھائی کھائیں گے۔



یادداشت

## 12.4 فعل مستقبل کی تعریف

فعل مستقبل سے مراد وہ کام جو آنے والے زمانے میں انجام دیا جائے۔ جیسے 'کھاؤں گا' «خواهم خورد»، 'جاؤں گا' «خواهم رفت»۔ آپ فعل ماضی مطلق بنانا سیکھ چکے ہیں۔ فعل ماضی مطلق بنانے کے لیے مصدر سے «ن» گرادیتے ہیں مثلاً مصدر «آمدن» سے «ن» گراتے ہیں تو «آمد» باقی رہتا ہے۔ درج بالا جملوں میں آپ نے دیکھا کہ اسی فعل ماضی مطلق سے پہلے «خواهد» لگادیتے ہیں اور «خواهد» ہی کی گردان کی جاتی ہے اور اس طرح زمانۂ مستقبل میں جملے بنائے جاتے ہیں۔ فعل مستقبل بنانے کے لیے درج ذیل «خواهد» کی گردان توجہ سے پڑھیے:

خواهم آمد. = میں آؤں گا۔

خواهیم آمد. = ہم آئیں گے۔

خواهی آمد. = تو آئے گا۔

خواهید آمد. = تم آؤ گے۔

خواهد آمد. = وہ آئے گا۔


خواهند آمد. = وہ آئیں گے۔

یہ بھی ذہن میں رہنا چاہیے کہ آج کل عام طور پر 'فعل حال' کو بھی 'فعل مستقبل' کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے۔ جیسے «می آیم» (میں آتا ہوں) فعل حال ہے۔ اس کا ترجمہ فعل مستقبل میں (میں آؤں گا) بھی کیا جاتا ہے۔ فعل مستقبل میں منفی (انکاریہ) جملے بنانے کے لیے «خواهد» سے پہلے «ن» لگادیتے ہیں۔

## 12.5 ماضی مطلق اور فعل مستقبل میں درج ذیل جملوں کو غور سے پڑھیے:

1- دیروز من به مدرسه رفتم . (ماضی مطلق)

2- فردا من به مدرسه خواهم رفت (مستقبل)



یادداشت

3- دیروز او کتابش را به من داد. (ماضی مطلق)

4- فردا او کتابش را به من خواهد داد. (مستقبل)

5- دیروز شما کتابتان را خواندید. (ماضی مطلق)

6- فردا شما کتابتان را خواهید خواند. (مستقبل)

## 12.6 متن پر مبنی سوالات

الف: درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے:

1- فعل مستقبل کی تعریف کیجیے۔

2- فعل مستقبل میں فارسی جملے بنانے کا طریقہ بتائیے۔

3- مصدر 'آمدن' اور 'نوشتن' سے فعل مستقبل کے دو دو جملے بنائیے۔

4- فعل مستقبل اور فعل ماضی مطلق میں فرق کی وضاحت لکھیے۔

5- کیا فارسی میں فعل حال کو فعل مستقبل کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے؟

ب: درج ذیل جملوں کا ترجمہ کیجیے:

1- آنها نامه خواهند گرفت.

2- بچه ها بازی خواهند کرد.

3- تو چرا آنجا می روی؟

4- من چای خواهم خورد.

5- هفتهٔ آینده به سینما خواهند رفت.

ج: درج ذیل جملوں میں مثال کے مطابق افعال سے خالی جگہیں پُر کیجیے:

مثال: تو کتاب را روی میز خواهی گذاشت (گذاشتن).

1- ما از این دکّان ........... (خرید کردن).

2- شما روزنامه را فردا ........... (خواندن).



یادداشت

3- حمیده برای دوستش نامه ............ (نوشتن).

4- دانش آموزان در کلاس ........... (ماندن).

5- او همهٔ لباس ها را ............ (شستن).

د: درج ذیل جملوں کوفعل مستقبل میں تبدیل کیجیے:

1- او از این بازار می گذرد.

2- من او را دیده بودم.

3- او چای ریخت.

4- کتاب را دیروز خواند.

5- شما اینجا نیامدید.

## 12.7 اس سبق سے آپ نے سیکھا

- فعل مستقبل کی تعریف۔
- فارسی میں فعل مستقبل بنانے کا طریقہ۔
- فعل مستقبل میں منفی (انکاریہ) جملے بنانا۔
- 'فعل حال' کا 'فعل مستقبل' کے طور پر استعمال۔

## 12.8 متن پر مبنی سوالات کے جوابات

الف: سوالوں کے جواب:

1- فعل مستقبل سے مراد وہ کام ہے جو آنے والے زمانے میں انجام دیا جائے۔


2- فعل ماضی مطلق سے پہلے «خواهد» لگا دیتے ہیں اور 'خواهد' کی گردان کی جاتی ہے:

3- خواهد: ا- من به مدرسه خواهم آمد.

۲-شما فردا به خانهٔ ما خواهید آمد.

نوشتن: ا – آنها نامه ای خواهند نوشت.

۲ – ما کتابی خواهیم نوشت.



یادداشت

4- فعل ماضی مطلق گذرے ہوئے زمانے کو کہتے ہیں۔فعل ماضی مطلق میں جملے بنانے کے لیے مصدر سے «ن» گرادیتے ہیں، جیسے: «خوردن» سے 'خورد'۔فعل مستقبل آنے والے زمانے کو کہتے ہیں اور اس زمانے میں جملے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ فعل ماضی مطلق سے پہلے «خواهد» لگادیتے ہیں اور 'خواهد' کی گردان کرتے ہیں۔

5- فارسی میں 'فعل حال' کو 'فعل مستقبل' کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

ب: ترجمہ:

1- وہ خط لکھیں گے۔

2- بچّے کھیلیں گے۔

3- تو وہاں کیوں جائے گا؟

4- میں چائے پیئوں گا۔

5- وہ اگلے ہفتے سینما جائیں گے۔

ج: خالی جگہوں کے الفاظ:

1- خواهیم خرید.　　2- خواهید خواند.

3- خواهد نوشت.　　4- خواهند ماند.

5- خواهد شست.

د: زمانۂ مستقبل میں جملے:

1- او از این بازار خواهد گذشت.

2- من او را خواهم دید.

3- او چای خواهد ریخت.

4- کتاب را فردا خواهد خواند.

5- شما اینجا نخواهید آمد.